# شش کلمے

اول کلمہ طیب

دوسرا کلمہ شہادت

تیسرا کلمہ تمجید

چوتھا کلمہ توحید

پانچواں کلمہ استغفار

چھٹا کلمہ ردِ کفر

## اول کلمہ طیب

# لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔

# دوسرا کلمہ شہادت

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں

لَهٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔

# تیسرا کلمہ تمجید

سُبْحَانَ اللهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

وَ اللهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ

اور اللہ بہت بڑا ہے گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی توفیق نہیں مگر اللہ کی طرف سے

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

جو بہت بلند عظمت والا ہے۔

# چوتھا کلمہ توحید

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں،

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ

اسی کے لیے ہے بادشاہی اور اسی کے لیے تعریف ہے وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے

لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اس کو ہرگز کبھی موت نہیں آئے گی، بڑے جلال اور بزرگی والا ہے۔

بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

# پانچواں کلمہ استغفار

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ أَذْنَبْتُهٗ

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے ہر گناہ سے جو میں نے جان بوجھ کر کیا

عَمَدًا أَوْ خَطَأً سِرًّا أَوْ عَلَانِيَةً وَّأَتُوْبُ

یا بھول کر۔ چھپ کر کیا یا ظاہر ہو کر اور میں اس کی بارگاہ میں

إِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِيْٓ أَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ

توبہ کرتا ہوں اس گناہ سے جس کو میں جانتا ہوں اور اس

الَّذِيْ لَآ أَعْلَمُ إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ

گناہ سے جس کو میں نہیں جانتا (اے اللہ!) بے شک تو غیبوں کا جاننے والا

وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ

اور عیبوں کا چھپانے والا اور گناہوں کا بخشنے والا ہے اور گناہ سے بچنے کی طاقت

وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اور نیکی کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کی مدد سے جو بہت بلند، عظمت والا ہے۔

# چھٹا کلمہ ردِ کفر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں کسی شے کو

شَیْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِہٖ وَ اَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَآ

تیرا شریک بناؤں جان بوجھ کر اور بخشش مانگتا ہوں تجھ سے

اَعْلَمُ بِہٖ تُبْتُ عَنْہُ وَ تَبَرَّاْتُ مِنَ الْکُفْرِ

اس (شرک) کی جس کو میں نہیں جانتا اور میں نے اس سے توبہ کی۔ اور بیزار ہوا کفر سے

وَالشِّرْکِ وَالْکِذْبِ وَالْغِیْبَۃِ وَالْبِدْعَۃِ

اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت (سیئہ) سے

وَالنَّمِیْمَۃِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُھْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ

اور چغلی سے اور بے حیائیوں سے اور بہتان سے اور تمام گناہوں سے

کُلِّھَا وَ اَسْلَمْتُ وَ اَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اور میں اسلام لایا اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔